اردو/**Urdu**

# بطور ووٹر اندراج اور ووٹ دینے کیلئے رہنمائی

18 سال یا اس سے زیادہ عمر کے آسٹریلین شہری کی حیثیت سے وفاقی انتخابات میں بطور ووٹر اپنا اندراج کروانا اور ووٹ دینا آپ کا حق بھی ہے اور فرض بھی ہے۔ اندراج کروانا اور ووٹ دینا لازمی ہے۔ اگر آپ ووٹ نہ دیں تو آپ کو جرمانہ ہو سکتا ہے۔

## ہم کیسے مدد کرتے ہیں؟

آسٹریلین الیکٹورل کمیشن (AEC) کامن ویلتھ میں ووٹروں کی فہرست رکھنے اور وفاقی انتخابات، ضمنی انتخابات اور ریفرینڈم کروانے کیلئے ذمہ دار ہے۔

AEC سٹیٹ، ٹیریٹری یا مقامی حکومت کے انتخابات نہیں کرواتا۔ ان انتخابات کا انتظام دوسرے الیکٹورل ادارے کرتے ہیں۔

## اندراج

ووٹ دینے سے پہلے ضروری ہے کہ آپکا نام الیکٹورل رول پر موجود ہو۔ الیکٹورل رول سے مراد ان اہل شہریوں کی فہرست ہے جو وفاقی انتخابات اور ریفرنڈم میں ووٹ دینے کیلئے رجسٹرڈ ہوں۔

### کیا میں اپنا اندراج کروا سکتا ہوں؟

مندرجہ ذیل صورتوں میں آپ اپنا اندراج کروانے کیلئے قانوناً پابند ہیں کہ:

- آپکی عمر 18 سال یا اس سے زیادہ ہو
- آپ آسٹریلیا کے شہری ہوں
- آپ اپنے موجودہ پتے پر کم از کم ایک مہینے سے رہ رہے ہوں۔

اگر آپکی عمر 16 یا 17 سال ہے تو آپ ابھی اپنا اندراج کروا سکتے ہیں، تاکہ 18 سال کی عمر کو پہنچنے پر آپ ووٹ دینے کیلئے تیار ہوں۔

### میں کیسے اندراج کروا سکتا ہوں؟

آپ www.aec.gov.au/enrol پر اندراج کروا سکتے ہیں۔

آپ AEC کے کسی دفتر یا آسٹریلیا پوسٹ کی دکان میں جا کر بھی اندراج کی درخواست دے سکتے ہیں۔

### مجھے ٹھیک پتہ نہیں ہے کہ کیا میرا اندراج ہو چکا ہے

آپ www.aec.gov.au/check پر اپنا اندراج چیک کر سکتے ہیں۔

### اگر میں اپنا پتہ/نام بدل لوں تو مجھے کیا کرنا ہو گا؟

جب بھی آپکا پتہ بدلے یا آپ اپنا نام بدلیں تو آپکو اپنی نئی تفصیلات کو اپنے اندراج میں شامل کرنا پڑے گا۔ آپ آن لائن www.aec.gov.au پر اپنی تفصیلات بدل سکتے ہیں۔ آپ AEC کے کسی دفتر یا آسٹریلیا پوسٹ کی دکان میں جا کر بھی اندراج کی درخواست دے سکتے ہیں۔

### اگر میں آسٹریلیا سے باہر چلا جاؤں تو مجھے کیا کرنا چاہیئے؟

اگر آپ کام یا رہائش کیلئے آسٹریلیا سے باہر چلے جائیں تو آپکو AEC کو بتانا چاہیئے۔ اگر آپ وفاقی انتخابات یا ریفرنڈم کے اعلان کے وقت آسٹریلیا سے باہر ہوں تو بھی آپکو AEC کو بتانا چاہیئے۔

اگر آپ ایسا نہ کریں تو آپکا نام الیکٹورل رول سے خارج کیا جا سکتا ہے اور آپ آنے والے انتخابات میں ووٹ دینے کے موقع سے محروم ہو سکتے ہیں۔


مزید معلومات www.aec.gov.au/overseas پر دستیاب ہیں۔

## ووٹ دینا

وفاقی انتخابات تین سال میں کم از کم ایک دفعہ ہوتے ہیں اور انتخابات کا دن ہمیشہ ہفتے کا دن ہوتا ہے۔ آپ کب اور کہاں ووٹ دیں گے، یہ اس پر منحصر ہے کہ آپ انتخابات والے دن کہاں ہوں گے۔

### انتخابات والے دن

آپ اپنی رہائشی سٹیٹ یا ٹیریٹری میں کسی بھی پولنگ کے مقام پر ووٹ دے سکتے ہیں۔ پولنگ کے مقامات صبح 8 بجے کھلتے ہیں اور عین شام 6 بجے بند ہو جاتے ہیں۔



بیلٹ پیپر کا نمونہ

اگر آپ کسی اور سٹیٹ یا ٹیریٹری میں ہوں اور پہلے ووٹ نہ دے چکے ہوں تو آپکو کسی انٹرسٹیٹ ووٹنگ سنٹر میں ووٹ دینا پڑے گا۔

پولنگ کے مقامات اور انٹرسٹیٹ ووٹنگ سنٹروں کی فہرست انتخابات کے دن سے چند ہفتے پہلے www.aec.gov.au پر دستیاب ہو گی۔ اگر آپ انتخابات والے دن پولنگ کے مقام پر نہ پہنچ سکتے ہوں تو آپ اس دن سے پہلے ووٹ دے سکتے ہیں۔

### دوسرے طریقے

آپ ان صورتوں میں خود جا کر یا بذریعہ ڈاک قبل از وقت ووٹ دے سکتے ہیں جب انتخابات والے دن:

- آپ اس الیکٹورل ڈویژن سے باہر ہوں جہاں ووٹ دینے کیلئے آپکا نام د رج ہے
- آپ پولنگ کے مقام سے 8 کلومیٹر سے زیادہ فاصلے پر ہوں
- آپ سفر کر رہے ہوں
- آپ ووٹ دینے کیلئے اپنے کام سے نہ نکل سکتے ہوں
- آپ شدید بیمار ہوں، ناتواں ہوں یا آپ عنقریب بچے کو جنم دینے والی ہوں (یا آپ ایسے کسی شخص کو سنبھال رہے ہوں)
- آپ علاج کیلئے ہسپتال میں ہوں اور ہسپتال میں ووٹ نہ دے سکتے ہوں
- آپ کے مذہبی عقائد آپکے پولنگ کے مقام پر پہنچنے میں حائل ہوں
- آپ جیل میں تین سال سے کم کی سزا کاٹ رہے ہوں یا کسی اور طرح سے حراست میں ہوں
- آپ نے الیکٹورل رول پر اپنا پتہ پوشیدہ رکھا ہو
- آپ اپنی حفاظت کیلئے معقول طور پر خوفزدہ ہوں۔

قبل از وقت ووٹ دینے کے مراکز انتخابات کے دن سے پہلے کے چند ہفتوں میں کھلتے ہیں اور ان کے پتے اور کھلنے کے اوقات www.aec.gov.au پر شائع کر دیے جائیں گے۔

بذریعہ ڈاک ووٹ دینے کیلئے آپ آن لائن درخواست دے سکتے ہیں یا کسی بھی AEC آفس سے پوسٹل ووٹ کی درخواست حاصل کر سکتے ہیں۔ انتخابی امیدواروں کے نام طے ہو جانے کے بعد AEC آپکا پوسٹل ووٹنگ پیک آپکو ڈاک میں بھیج دے گا۔

## اپنے ووٹ کو شمار کروانا

وفاقی انتخابات میں آپ ان لوگوں کو منتخب کرنے کیلئے ووٹ دیتے ہیں جو آسٹریلین پارلیمنٹ کے دو ایوانوں میں آپکی نمائندگی کریں گے: ہاؤس آف ریپریزینٹیٹیوز اور سینیٹ۔

آپکو دو بیلٹ پیپر ملیں گے:

- سبز بیلٹ پیپر پر آپ اپنے مقامی علاقے (یا الیکٹورل ڈویژن) سے ہاؤس آف ریپریزینٹیٹیوز میں جانے کیلئے نمائندے کو ووٹ دیں گے، اور
- سفید بیلٹ پیپر پر آپ اپنی سٹیٹ یا ٹیریٹری سے سینیٹ میں جانے کیلئے نمائندے کو ووٹ دیں گے۔

بیلٹ پیپروں پر ووٹ دینے کیلئے ہدایات چھپی ہوتی ہیں۔ اگر آپ سے غلطی ہو جائے یا آپکو ٹھیک پتہ نہ ہو کہ کیا کرنا چاہیئے تو پولنگ اہلکار سے پوچھ لیں۔

## کیا آپ مزید جاننا چاہتے ہیں؟

آپ انتخابات کے نظام اور اندراج اور ووٹنگ کے بارے میں مزید معلومات www.aec.gov.au پر حاصل کر سکتے ہیں۔

فون پر ترجمے کی خدمات دستیاب ہیں۔ اردو میں اندراج، ووٹنگ اور انتخابات کے بارے میں معلومات کیلئے 1300 720 153 پر فون کریں۔

اگر آپ سماعت سے محروم ہیں یا آپکی سماعت یا گویائی ناقص ہے تو نیشنل ریلے سروس (NRS) کے ذریعے ہم سے رابطہ کریں:

- TTY استعمال کرنے والے 13 36 77 پر فون کریں اور 13 23 26 پر رابطہ کروانے کیلئے کہیں۔
- Speak and Listen استعمال کرنے والے 1300 555 727 پر فون کریں اور 13 23 26 کا حوالہ دیں۔
- انٹرنیٹ ریلے استعمال کرنے والے NRS کے ساتھ کنیکٹ کریں اور 13 23 26 پر رابطہ کروانے کیلئے کہیں۔



Authorised by the Electoral Commissioner, Canberra.